جَلَسَ خَالِدٌ تَحْتَ الشَّجَرَةِ　　كَتَبَ أَحْمَدُ عَلَى الْوَرَقِ۔

نَصَرَ زَيْدٌ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى الضَّمِّ۔

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں فعل ماضی مبنی بر ضم ہو۔

حل فعل ماضی مبنی بر ضم کے تین جملے:

(۱) اَلطُّلَّابُ لَعِبُوْا فِي الْمَيْدَانِ

(۲) اَلْمُسْلِمُوْنَ جَاهَدُوْا بِالْكُفَّارِ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ

(۳) اَلْمُسْلِمُوْنَ اجْتَمَعُوْا فِي الْمُصَلّٰى لِصَلٰوةِ الْعِيْدِ الْفِطْرِ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ۔

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں فعل ماضی مبنی بر سکون ہو۔

حل: فعل ماضی مبنی سکون کے تین جملے:

(۱) سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ إِلَى الْكُوْفَةِ

(۲) اِشْتَرَيْتُ الْفَرَسَ بِسَرْجِهٖ

(۳) ذَبَحْنَا الْغَنَمَ فِي الْبَيْتِ

التمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُتَّصِلٌ بِوَاوِ الْجَمَاعَةِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں فعل کے ساتھ واؤ جمع کی متصل ہو۔

(۱) اَلطُّلَّابُ لَعِبُوْا فِي الْمَيْدَانِ　　(۲) التَّلَامِذَةُ جَلَسُوْا فِي الْفَصْلِ

(۳) النَّاسُ أَغْلَقُوْا أَبْوَابَ مَكَانِهِمْ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُتَّصِلٌ بِالتَّاءِ الْمُتَحَرِّكَةِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان سے ہر ایک جملے میں ایسا فعل ماضی ہو کہ اس کے

تاء متحرکہ متصل ہو۔

حل فعل ماضی متّصل تاءِ متحرکہ کے جملے:

(۱) نَصَرْتُ الْمُجَاهِدِيْنَ فِي مَيْدَانِ الْجِهَادِ

(۲) قَاتَلْتُ بِالْكُفَّارِ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ

(۳) جَلَسْتُ اَمَامَ الْاَسَاتِذَةِ مُؤَدَّبًا۔

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُتَّصِلٍ بِنُوْنِ النِسْوَةِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک فعل ماضی کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل ہو۔

حل فعل ماضی متصل بنون النسوۃ کے تین جملے:

(۱) اَلنِسَآءُ رَكِبْنَ عَلَى الْقِطَارِ

(۲) اَلْبَنَاتُ تَعَلَّمْنَ الْقُرآنَ

(۳) يَا نِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِنَ النِّسَآءِ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُتَّصِلٍ بِنَا الدَّالَّةَ عَلَى الْفَاعِلِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک فعل ماضی کے ساتھ کلمہ ''نا'' دال علی الفاعل متصل ہو۔

حل فعل ماضی متصل بکلمہ ''نا'' دال علی الفاعل کے تین جملے:

(۱) اَكَلْنَا اللَّحْمَ فِي الْبَيْتِ (۲) ذَهَبْنَا اِلَى الشَّارِعِ الْكَبِيْرِ

(۳) شَرِبْنَا لَبَنًا خَالِصًا فِي بَيْتِ صَدِيْقِنَا

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(الف) نموذج: نمونہ

قَرَأْنَا الْكِتَابَ: ہم نے کتاب پڑھی۔

قرأنا: فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى السَّكُوْنِ ''نا'' فاعل مبنی علی السکون۔

قرانا فعل ماضی مبنی بر سکون ہے اور نا فاعل ہے مبنی بر سکون ہے۔
اَلْكِتَابَ: مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ۔
مفعول بہ ہے اور منصوب ہے فتحہ کی وجہ سے۔

(ب) اَعْرِبْ مَايَاتِي:

آنے والی عبارت میں موجود کلمات کا اعراب بتائیں۔

(۱) شَمَمْتُ الْوَرْدَةَ میں نے گلاب کا پھول سونگھا۔
(۲) سَبَحْنَا فِي النَّهْرِ ہم نے نہر میں تیراکی کی۔

(۱) شَمَمْتُ: فعل ماضی مبنی بر سکون اور آخر میں ت مضمومہ متحرکہ علامت فاعل ہے۔
اَلْوَرْدَةَ: منصوب ہے مفعول بہ ہونے کی وجہ سے۔
(۲) سَبَحْنَا: (فعل ماضی میں مبنی بر سکون ہے اور آخر میں کلمہ نا مبنی بر سکون علامت فاعل ہے۔
فِي: حرف جار ہے مبنی بر سکون۔
اَلنَّهْرِ: مجرور ہے حرف جر فی کے شروع میں داخل ہونے کی وجہ سے۔

اَحْوَالُ بِنَاءِ الْاَمْرِ

(امر کے مبنی ہونے کے احوال)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	نَظِّفْ اَسْنَانَكَ بَعْدَ الْاَكْلِ	کھانے کے بعد اپنے دانت صاف کر۔
(۲)	تَمَهَّلْ فِي سَيْرِكَ	اپنی چال میں آہستگی اختیار کر۔
(۳)	اِسْتَمِعْ نُصْحَ الطَّبِيْبِ	طبیب کی نصیحت غور سے سن۔
(۴)	اِسْتَيْقِظْنَ مُبَكِّرَاتٍ	تم عورتیں صبح سویرے اٹھو۔
(۵)	اَجِدْنَ طَبْخَ الطَّعَامِ	کھانا اچھی طرح پکائیں۔
(۶)	هَذِّبْنَ اَوْلَادَكُنَّ	اپنی اولاد کو مہذب بناؤ۔
(۷)	تَجَنَّبَنَّ الْمِزَاحَ الْكَثِيْرَ	مذاق کی کثرت سے ضرور پرہیز کرو۔
(۸)	عَاشِرَنَّ اِخْوَانَكَ بِالْمَعْرُوْفِ	اپنے بھائیوں کے ساتھ ضرور اچھے طریقے سے زندگی گزارو۔
(۹)	اُخْرُجَنَّ اِلَى الْحُقُوْلِ	کھیتوں کی طرف ضرور نکلو۔
(۱۰)	اِحْفَظَنْ عَهْدَ الصَّدِيْقِ	دوست کے عہد کی ضرور حفاظت کرو۔
(۱۱)	اَحْسِنَنْ اِلَى النَّاسِ	لوگوں سے ضرور بھلائی کر۔
(۱۲)	اَوْقِدَنْ مِصْبَاحَكَ	اپنا چراغ ضرور جلاؤ۔
(۱۳)	اَلْقِ الشَّبَكَةَ يَا صَيَّادُ	اے شکاری تو جال پھینک۔
(۱۴)	اُدْعُ الطَّبِيْبَ	طبیب کو بلاؤ۔
(۱۵)	تَحَرَّ الصِّدْقَ فِيْمَا تَقُوْلُ	تو جو کہتا ہے اس میں سچ کو دیکھ۔
(۱۶)	اِفْتَحَا نَوَافِذَ الْحُجْرَةِ	تم دونوں کمرے کی کھڑکیاں کھولو۔
(۱۷)	اَكْرِمَا ضُيُوْفَكُمَا	تم دونوں اپنے مہمان کا اکرام کرو۔

(۱۸) اُهْزُزَا شَجَرَةَ النَّبِقِ	بیر کے درخت کو تم دونوں ہلاؤ۔
(۱۹) اِجْمَعُوْا ثَمَرَ الْبُسْتَانِ	باغ کا پھل اکٹھا کرو۔
(۲۰) اِسْتَحِمُّوْا فِی النَّهْرِ	نہر میں غسل کرو۔
(۲۱) اُخْرُجُوْا اِلَى الْحُقُوْلِ	کھیتوں کی طرف نکلو۔
(۲۲) رَتِّبِیْ اَثَاثَ الْحُجْرَةِ	تو (عورت) کمرے کا سامان ترتیب دے۔
(۲۳) اَغْلِقِیْ بَابَ الدَّارِ	تو (عورت) گھر کا دروازہ بند کر۔
(۲۴) اِحْفَظِیْ دَرْسَكِ	تو (عورت) اپنا سبق یاد کر۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

عَرَفْنَا فِیْمَا سَبَقَ اَنَّ اَفْعَالَ الْاَمْرِ كُلَّهَا مَبْنِیَّةٌ وَلٰكِنَّا نُرِیْدُ اَنْ نَعْرِفَ فِیْ هٰذَا الدَّرْسِ اَحْوَالَ بِنَاءِ هَا۔

پچھلے سبق میں ہم یہ بات جان چکے ہیں کہ امر کے تمام افعال مبنی ہیں لیکن اب اس سبق میں امر کے مبنی ہونے کے احوال کی پہچان کرنا چاہتے ہیں۔

لِاَجْلِ ذٰلِكَ نَتَاَمَّلُ الْاَمْثِلَةَ السِّتَّةَ الْاُوْلٰى فَنَرٰى اَفْعَالَ الْاَمْرِ فِی الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى مِنْهَا صَحِیْحَةَ الْآخِرِ وَلَمْ یَتَّصِلْ بِهَا شَیْءٌ، وَنَرَاهَا، فِی الثَّلَاثَةِ الثَّانِیَةِ مُتَّصِلَةً بِنُوْنِ النِّسْوَةِ، وَاِذَا تَاَمَّلْنَا اَوَاخِرَ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ السِّتَّةِ وَجَدْنَا هَا سَاكِنَةً وَكَذٰلِكَ آخِرُ كُلِّ فِعْلٍ یَجِیْءُ عَلٰى اِحْدَى الصُّوْرَتَیْنِ الْمُتَقَدِّمَتَیْنِ وَمِنْ ذَالِكَ نَعْلَمُ اَنَّ فِعْلَ الْاَمْرِ یُبْنٰى عَلَى الْفَتْحِ فِیْ هٰذِهِ الْحَالِ وَاِذَا تَاَمَّلْنَا الْاَمْثِلَةَ السِّتَّةَ الثَّانِیَةَ وَجَدْنَا اَفْعَالَ الْاَمْرِ فِیْهَا قَدِاتَّصَلَ آخِرُ كُلٍّ مِنْهَا بِنُوْنٍ تَدُلُّ عَلٰى تَقْوِیَةِ الْفِعْلِ وَتَوْكِیْدِهٖ وَتُسَمّٰى هٰذِهِ النُّوْنُ نُوْنُ التَّوْكِیْدِ وَهِیَ اِمَّا ثَقِیْلَةٌ وَاِمَّا خَفِیْفَةٌ عَلٰى مَاتَرٰى فِی الْاَمْثِلَةِ وَاِذَا تَدَبَّرْنَا اَوَاخِرَ اَفْعَالِ الْاَمْرِ فِیْ هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ السِّتَّةِ وَجَدْنَاهَا مَفْتُوْحَةً وَكَذٰلِكَ الْحَالُ فِیْ جَمِیْعِ اَوَاخِرِ اَفْعَالِ الْاَمْرِ الْمُتَّصِلَةِ بِهٰذِهِ النُّوْنِ، وَمِنْ ذَالِكَ نَعْلَمُ اَنَّ فِعْلَ

الْاَمْرِ یَبْنٰی عَلَی الْفَتْحِ فِی هٰذِهِ الْحَالِ وَاِذَا تَاَمَّلْنَا اَفْعَالَ الْاَمْرِ فِی الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ التَّالِیَةِ وَهِیَ اَلْقِ وادْعُ وتَحَرَّ وَجَدْنَا آخِرَ کُلٍّ مِّنْهَا حَرْفَ عِلَّةٍ مَحْذُوْفًا بِدَلِیْلِ ظُهُوْرِ ذٰلِكَ الْحَرْفِ فِی الْمَاضِی وَالْمُضَارِعِ، اِذْ یَقُوْلُ فِی مَا ضِیْهَا اَلْقٰی، وَدَعَا، تَحَرَّ وَفِی مُضَارِعِهَا یُلْقِیْ وَیَدْعُوْ یَتَحَرّٰی، فَهِیَ اِذًا اَفْعَالُ اَمْرٍ مُعْتَلَّةُ الْاَوَاخِرِ۔ وَاِذَا تَتَبَّعْنَا جَمِیْعَ اَفْعَالِ الْاَمْرِ الَّتِیْ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ، وَجَدْنَا هَا اَیْضًا مُحْذُوْفَةَ الْآوَاخِرِ۔

اسی وجہ سے ہم پہلی چھ مثالوں میں غور وخوض کرتے ہیں تو ہم یہ بات دیکھتے ہیں کہ افعال امر پہلی تین مثالوں صحیح الآخر میں اور ان کے ساتھ کوئی چیز ملی ہوئی بھی نہیں ہے اور اسی چیز کو ہم دوسری تین مثالوں میں نون جمع مؤنث کے ساتھ متصل دیکھتے ہیں جب ہم ان افعال کے آخر میں غور کرتے ہیں تو ہم ان کے آخر کو ساکن پاتے ہیں اور ایسے ہی ان دوصورتوں کی طرح جو کہ ذکر کی گئی ہیں ہر فعل کا آخر ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ امر کے افعال میں سے ہر فعل کے آخر میں ایسی نون ہوتی ہے جو کہ فعل کی تقویت اور فعل کے مؤکد ہونے پر دلالت کرتی ہے اور اس نون کا نام نون تاکید رکھا جاتا ہے اور وہ یا تو خفیفہ ہوگی یا ثقیلہ ہوگی اس طریقے پر کہ آپ مثالوں میں دیکھتے ہیں اور جب ہم امر کے افعال کی ان چھ مثالوں کے آخر میں غور کرتے ہیں تو ہم ان کو مفتوح پاتے ہیں۔ اور یہی حال امر کے ان افعال کا ہے کہ جن کے آخر میں یہ نون متصل ہوتی ہے کہ اور اسی سے ہمیں یہ بات معلوم ہوگئی کہ ایسے حال میں امر کے افعال مبنی برفتحہ ہوتے ہیں اور جب ہم بعد میں آنے والے امر کے افعال کی تین مثالوں میں غور کرتے ہیں جو کہ اَلْقِ، اُدْعُ اور تَحَرَّ ہے۔ ان میں سے ہر ایک فعل کے آخر سے حرف علت کو محذوف پاتے ہیں ماضی اور مضارع میں ظاہر ہونے کی دلیل کے ساتھ اس لئے کہ ماضی میں

کہا جاتا ہے اَلْقِي، دَعَاءِ، تَحَرَّى اور اور مضارع يُلْقِي، وَيَدْعُوْ يتحرى کہا جاتا ہے۔پس اس وقت امر کے افعال معتل الآواخر ہوتے ہیں اور جب ہم امر کے ان تمام افعال جو اسی قسم سے ہیں ان میں جستجو کرتے ہیں تو ہم ان کو بھی آخر میں محذوف پاتے ہیں۔

وَإِذَا بَحَثْنَا فِي سَبَبِ هٰذَا الحَذَفِ لَمْ نَجِدْ سَوَى الْبِنَاءِ سَبَبًا وَمِنْ ذٰلِكَ نَحْكُمُ اَنَّ فِعْلَ الْاَمْرِ فِي مِثْلِ هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ يَبْنِيْ عَلٰى حَذْفِ حَرْفِ الْعِلَّةِ۔

اور جب اس کے حذف ہونے کے سبب کے متعلق گفتگو کرتے ہیں تو سوائے مبنی ہونے کے ہم کوئی سبب نہیں پاتے۔اور اسی وجہ سے ہم اس بات پر حکم لگاتے ہیں کہ ان گزشتہ مثالوں میں فعل امر حرف علت کے حذف ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔

وَإِذَا نَظَرْنَا اِلٰى اَفْعَالِ الْاَمْرِ فِي بَقِيَّةِ الْاَمْثِلَةِ، نَرٰى انَّهَا اِتَّصَلَتْ مَرَّةً بِاَلِفٍ تَدُلُّ عَلٰى اِثْنَيْنِ وَمَرَّةً بِوَاوٍ تَدُلُّ عَلَى جَمَاعَةِ الذكُوْرِ وَاُخْرٰى بِيَاءٍ تَدُلُّ عَلٰى وَاحِدَةٍ مُخَاطَبَةٍ وَبِالرَّجُوْعِ اِلٰى مُضَارِعِ كُلِّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ نَرٰى بِهٖ نُوْنًا، اِذْنَقُوْلُ "يَفْتَحَان" وَ "يَجْمَعُوْنَ" "تَرْتَبِيْنَ" وَلٰكِنْ هٰذِهِ النُوْنُ لَاتُوْجَدُ فِي الْاَفْعَالِ الْاَمْرِ الْمُتَّصِلَةِ بِالْاَلِفِ اَوِ الْوَاوِ اَوِ الْيَاءِ وَلِذٰلِكَ يُقَالُ اِنَّ فِعْلَ الْاَمْرِ فِي هٰذِهِ الْاَحْوَالِ الثَلَاثِ مَبْنِيٌّ عَلٰى حَذْفِ النُّوْنِ۔

اور جب ہم فعل امر کی باقی مثالوں کی طرف توجہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ کسی صیغے میں الف کے ساتھ متصل جو کہ تثنیہ پر دلالت کرتا ہے اور کسی صیغے میں واؤ جمع مذکر متصل ہے اور دوسرے میں ی متصل ہے جو کہ واحدہ مؤنثہ مخاطبہ پر دلالت کرتی ہے اور مضارع کی طرف لوٹ کر ہم انہیں افعال میں ہم دیکھیں تو ہم کو نون دکھائی دیتا ہے۔ ہر ایک فعل میں اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں

کہ یفتحان ، یجمعون، ترتبین اورلیکن یہ نون امر کے ان افعال میں نہیں ہوتی کہ جن افعال کے آخر میں، الف یا واوٗ یا یاء متصل ہوتی ہے اور اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ بے شک فعل امران تینوں حالات میں نون کے حذف ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۳۵) يُبْنٰى فِعْلُ الْاَمْرِ عَلَى السُّكُوْنِ اِذَا كَانَ صَحِيْحُ الْآخِرِ وَلَمْ يَتَّصِلْ بِهٖ شَيْءٌ وَكَذٰلِكَ اِذَا اتَّصَلَتْ بِهٖ نُوْنُ النِّسْوَةِ وَ يُبْنٰى عَلَى الْفَتْحِ اِذَا اتَّصَلَتْ بِهٖ نُوْنُ التَّوْكِيْدِ۔

فعل امر مبنی بر سکون ہوتا ہے جبکہ وہ صحیح الآخر ہو اور اس کے ساتھ کوئی چیز متصل نہ ہو امر جب اس کے ساتھ نون جمع مؤنث ملی ہو اور جب اس کے ساتھ نون تاکید متصل ہو تو مبنی برفتحہ ہوتا ہے۔

وَيُبْنٰى عَلٰى حَذْفِ حَرْفِ الْعِلَّةِ اِذَا كَانَ مُعْتَلَّ الآخِرِ۔ وَيُبْنٰى عَلٰى حَذْفِ النُّوْنِ اِذَا اتَّصَلَتْ بِهٖ اَلِفُ اِثْنَيْنِ اَوْ وَاوُ جَمَاعَةٍ اَوْ يَاءُ مُخَاطَبَةٍ۔

اور حرف علت کے حذف ہونے کی وجہ سے مبنی ہوتا ہے جبکہ معتل الآخر ہو۔ اور نون کے حذف ہونے کی وجہ سے بھی مبنی ہوتا ہے جب اس کے ساتھ الف تثنیہ یا واوٗ جمع یا یاء مخاطبہ متصل ہو۔

تمرینات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر ۱)

عَيِّنْ فِي الْعِبَارَةِ الآتِيَةِ اَفْعَالَ الْاَمْرِ الْمَبْنِيَّةَ عَلَى السُّكُوْنِ، وَالْمَبْنِيَّةَ عَلَى الْفَتْحِ، وَالْمَبْنِيَّةَ عَلَى الْحَذْفِ الآخِرِ وَاذْكُرِ السَّبَبَ فِي كُلِّ حَالٍ

آنے والی عبارۃ میں افعال امر مبنی برسکون اور مبنی علی الفتح اور مبنی بر حذف آخر کی

تعین کریں اور ہر حال میں سب کو ذکر کریں۔

اِذَا زَارَكَ صَدِيْقٌ فَالْقِهِ بِالْبُشْرِ وَبَالِغْ فِي اِكْرَامِهٖ وَاصْغِ اِلٰى حَدِيْثِهٖ وَاجْعَلَنَّهٗ يَشْعُرُ كَاَنَّهٗ فِي مَنْزِلِهٖ وَبَيْنَ اَهْلِهٖ وَاِذَا اَرَادَ الْاِنْصِرَافَ فَشَيِّعَنَّهٗ اِلَى الْبَابِ وَاشْكُرَنَّهٗ عَلٰى زِيَارَتِهٖ وَارْجُ اَنْ يَعُوْدَ اِلٰى زِيَارَتِكَ فِي الْفُرَصِ الْقَرِيْبَةِ۔

حل: تعیین افعال امر باعتبارِ بناء

افعال الامر مبنی علی السکون	افعال الامر مبنی علی الفتح	افعال الامر مبنی علی حذف الآخر
بالِغْ	ایعلنه، اشیعنه، اشکرنه	اُلْقِ، اَصْغِ، اَرْحم
صحیح الآخر ہونے کے سبب سے مبنی علی السکون ہے	نونِ تاکید ثقیلہ متصل ہونے کے سبب سے مبنی علی الفتح ہے	فعل معتل حذف آخر کے سبب سے مبنی علی حذف الآخر ہے

التمرين ۲ (مشق نمبر ۲)

هَاتِ اَمْرَ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ الْآتِيَةِ بِحَيْثُ يَكُوْنُ مَرَّةً مَبْنِيًّا عَلَى السُّكُوْنِ وَمَرَّةً عَلَى الْفَتْحِ وَمَرَّةً عَلٰى حَذْفِ النُّوْنِ۔ كَتَبَ، فَهِمَ، اِجْتَهَدَ، اِسْتَفْهَمَ

آنے والے افعال ماضیہ میں سے ہر فعل سے اس طرح امر کے صیغے بنائیں کہ ایک مرتبہ امر مبنی علی السکون ہو اور دوسری مرتبہ مبنی برفتحہ اور تیسری مرتبہ مبنی علی حذف النون ہو۔

حل: افعال ماضیہ سے امر کے صیغے باعتبار بناء

امر مبنی بر سکون	امر مبنی بر فتحہ	امر مبنی بر حذفِ نون
اُكْتُبْ	اُكْتُبَنَّ	اُكْتُبَا، اُكْتُبُوْا

اِفْهَمْ	اِفْهَمْنَ	اِفْهَمَا، اِفْهَمُوْا
اِجْتَهِدْ	اِجْتَهِدْنَ	اِجْتَهِدِیْ
اِسْتَفْهِمْ	اِسْتَفْهِمْنَ	اِسْتَفْهِمَا۔ اِسْتَفْهِمُوْا

التمرين ۳ (مشق نمبر ۳)

هَاتِ اَفْعَالَ الْاَمْرِ مِنَ الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَة الآتِيَةِ، مَعَ الْمُحَافَظَةِ عَلٰى مَااتَّصَلَ بِهَا اِنْ كَانَتْ مُتَّصِلَةً بِشَیْءٍ، وَبَيِّنْ عَلٰى اَيِّ شَیْءٍ يُبْنٰى كُلُّ فِعْلِ اَمْرٍ تَأْتِي بِهٖ۔ يَهْدِيْ، يَجْلِسَانِ، يَشْرَبُوْنَ، تَنَامِيْنَ، يَلْعَبْنَ، يَكْتُبُ۔

آنے والے افعال مضارعہ سے افعال امر بنایئے اس چیز کا خیال رکھتے ہوئے کہ مضارع کے ساتھ جو (حرف) متصل ہو وہ اس کے ساتھ ہی ہے اور یہ بات بھی بیان کریں کہ امر کس چیز پر مبنی ہوتا ہے۔

حل افعال مضارعہ سے افعال امر کی بناء کرنا:

اِهْدِ	مبنی برحذفِ حرف علت	اِجْلِسَا	مبنی برحذفِ نون
اِشْرَبُوْا	مبنی برحذفِ نون	نَامِيْ	مبنی برحذفِ نون
اِلْعَبْنَ	مبنی برسکون	اُكْتُبْ	مبنی برسکون

التمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

حَوِّلِ الْجُمْلَةَ الْآتِيَةَ اِلٰى خِطَابِ الْاِثْنَيْنِ، ثُمَّ جَمَاعَةَ الذُّكُوْرِ، ثُمَّ اِلٰى خِطَابِ الْمُفْرَدَةِ الْمُؤَنَّثَةِ وَبَيِّنْ نَوْعَ بِنَاءٍ فِعْلَيْهَا فِيْ كُلِّ حَالٍ۔ اِسْمَعْ نُصْحَ الطَّبِيْبِ وَاعْمَلْ بِهٖ

آنے والے جملے کو واحد مذکر مخاطب سے تثنیہ کی طرف پھر جمع مذکر کی طرف پھر واحدہ مؤنثہ مخاطبہ کی طرف تبدیل کیجئے اور ہر حال میں اس کے ''مبنی ہونے کی علامت واضح کریں۔

حل: فعل امر حاضر کی جمع مذکر، تثنیہ اور واحدہ مؤنثہ مخاطب کی طرف تحویل:

اصل جملہ: اِسْمَعْ نُصْحَ الطَّبِيْبِ وَاعْمَلْ بِهٖ مبنی برسکون

تحویل: طبیب کی نصیحت سن اور اس پر عمل کر۔

اِسْمَعَا نُصْحَ الطَّبِيْبِ وَاعْمَلَا بِهٖ — مبنی بر حذفِ نون
تم دونوں طبیب کی نصیحت سنو اور اس پر تم دونوں عمل کرو

اِسْمَعُوْا نُصْحَ الطَّبِيْبِ وَاعْمَلُوْا بِهٖ — مبنی بر حذفِ نون
تم سب مرد طبیب کی نصیحت سنو اور سب اس پر عمل کرو۔

اِسْمَعِيْ نُصْحَ الطَّبِيْبِ وَاعْمَلِيْ بِهٖ — مبنی بر حذفِ نون
تو ایک عورت طبیب کی نصیحت سن اور اس پر عمل کر۔

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِّنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ
تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل امر مبنی بر سکون سے شروع ہو رہا ہو۔

حل: فعل امر مبنی بر سکون کے تین جملے:

(۱) اُنْصُرْ اَخَاكَ فِيْ كُلِّ مُصِيْبَةٍ — اپنے بھائی کی ہر مصیبت میں مدد کر
(۲) حَرِّرْ غُلَامَكَ لِرِضَاءِ رَبِّكَ — اپنے غلام کو اپنے رب کی خوشنودی کیلئے آزاد کر
(۳) اِغْتَسِلْ قَبْلَ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ — جمعہ کی نماز سے پہلے غسل کر

(۲) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ۔
تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل امر مبنی بر فتحہ سے شروع ہو

حل: فعل امر مبنی بر فتحہ کے تین صیغے:

(۱) اُخْرُجَنْ مِنَ الْبَيْتِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ
تو سورج طلوع سے پہلے گھر ضرور نکل۔

(۲) اِذْهَبَنْ اِلَى السُّوْقِ عَلٰى رِجْلَيْكَ — تو پیدل بازار کی طرف ضرور جا۔

(۳) اَكْرِمَنْ ضَيْفَكَ لِرِضَاءِ رَبِّكَ

تو اللہ کی خوشنودی کے لئے اپنے مہمان کا ضرور اکرام کر

(۳) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ یَبْتَدِئُ کُلٌّ مِّنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِیٌّ عَلٰی حَذْفِ الْاَلِفِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل امر سے شروع ہو کہ وہ مبنی علی حذف الآخر ہو۔

حل فعل امر مبنی علی حذف الف کے تین جملے:

(۱) اِرْضَ بِالْقَلِیْلِ — تھوڑی چیز پر راضی ہو۔

(۲) اِخْشَ اللّٰهَ فِی الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ — اللہ سے ظاہر اور باطن میں ڈر

(۳) اِخْفِ سِرَّكَ — اپنے راز کو چھپا۔

(۴) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ یَبْتَدِئُ کُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِیٌّ عَلَی حَذْفِ الواوِ۔

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ ایسے فعل امر سے شروع ہو کہ جو مبنی علی حذف الواؤ ہو

حل فعل امر مبنی علی حذف الواؤ کے تین جملے:

(۱) اُدْعُ اللّٰهَ فِی الرَّخَاءِ وَالشِّدَّةِ فِی کُلِّ الْحَیٰوةِ

(۲) اُتْلُ الْقُرانَ کُلَّ یَوْمٍ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ

(۳) اِعْفِ عَمَّنْ ظَلَمَكَ

(۵) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ یَبْتَدِئُ کُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِیٌّ عَلَی حَذْفِ الْیَاءِ۔

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل امر سے شروع ہو کہ جو مبنی علی حذف الیاء ہو۔

حل: فعل امر مبنی علی حذف الیاء کے تین جملے:

(۱) اِرْمِ حَجَرًا فِی الْمَاءِ الْکَدِرِ — گدلے پانی میں پتھر مار

(۲) اِجْتَنِبْ مِنْ اُسْتَاذِكَ مَايُعْطِيْكَ — اپنے استاذ سے ہر چیز قبول کر جو وہ تجھ کو دیتا ہے۔

(۳) اِسْتَغْنِ عَنِ الْاُمَرَاءِ — دنیا کے امراء سے مستغنی ہو کر رہ۔

(٦) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ اَمْرٍ مَبْنِيٌّ عَلَى حَذْفِ النُّوْنِ۔

ایسے تین جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل امر سے شروع ہو کہ جو مبنی علی حذف النون ہو۔

حل فعل امر مبنی علی حذف النون کے تین جملے:

(۱) اُنْصُرَا الْمَسَاكِيْنَ عَلٰى سُنَّتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تم دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے طریقے پر مسکینوں کی مدد کرو۔

(۲) اِذْهَبَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ عَلَى الْوَقْتِ — تم دونوں وقت پر مدرسے جاؤ۔

(۳) اُسْكُتَا فِي الْمَجْلِسِ — تم دونوں مجلس میں خاموش رہو۔

التمرين ٦ في الانشاء (مشق نمبر ٦ انشاء کے بیان میں)

(۱) هَاتِ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَاْمُرُ فِيْهَا خَادِمَةً بِثَلَاثَةِ اَعْمَالٍ تَخْتَصُّ بِحُجْرَةِ الطَّعَامِ

تین جملے ایسے بنائیے کہ جن میں آپ خادمہ سے ایسے تین کاموں کا حکم کریں جو باورچی خانہ سے خاص ہوں۔

حل: خادمہ کو باورچی خانہ سے متعلق کام کا حکم:

(۱) يَازَيْنَبُ نَظِّفِيْ حُجْرَةَ الطَّعَامِ

(۲) اِغْسِلِيْ اَوَانَ حُجْرَةِ الطَّعَامِ كُلَّهَا

(۳) اِطْبَخِي اللَّحْمَ لِلضُّيُوْفِ الْكِرَامِ

(۲) هَاتِ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَاْمُرُ فِيْهَا اَخَوَيْكَ بِثَلَاثَةِ اَعْمَالٍ تُكْسِبُ الْجِسْمَ صِحَّةً

تین ایسے جملے بنائیے کہ جن آپ اپنے دو بھائیوں کو جسمانی صحت درست کرنے کا حکم کریں۔

حل: دو بھائیوں کو جسمانی صحت کے درست رکھنے کے تین جملے:

(۱) اِیْقَظَا مُبَكِّرًا

(۲) اِغْتَسِلَا كُلَّ يَوْمٍ بَعْدَ الصَّلٰوةِ الْفَجْرِ

(۳) تَسَوَّكَا اَسْنَا نَكُمَا بَعْدَ اَكْلِ الطَّعَامِ

(۳) هَاتِ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَأْمُرُ فِيْهَا اَصْدِ قَاءَ كَ بِثَلَاثَةِ اَعْمَالٍ تُكْسِبُهُمْ رِضَاءَ آبَاءِ هِمْ۔

تین ایسے جملے بنائیے کہ جن آپ اپنے دوستوں کو تین اعمال کا حکم کریں کہ جن سے والدین کی خوشنودی حاصل ہو۔

حل: دوستوں کو والدین کی خوشنودی کے حصول کا حکم:

(۱) اَرْضُوْا وَالِدَيْكُمْ بِالْإِطَاعَةِ وَالْخِدْمَةِ

(۲) لَاتَرْفَعُوْا كَلَامَكُمْ اَمَا مَهُمَا

(۳) اِكْتَسِبُوْا الْجَنَّةَ بِرَضَاءِ هِمَا فِي اُمُوْرِ الدُّنْيَا

۷۔ تمرین فی الاعراب (اعراب کے بارے میں مشق)

(ل) نموذج: نمونہ

(۱) اُرْجُ الْخَيْرَ: خیر کی امید رکھ۔

اُرْجُ: فعل امر مبنی علی حذف الواوَ۔

اُرْجُ فعل امر مبنی بر حذف واؤ ہے۔

اَلْخَيْرَ: مفعول بہ منصوب بالفتحہ

الخیر مفعول بہ منصوب بالفتحہ ہے۔

(۲) اِنْتَبِهُوْا لِلدَّرْسِ۔ سبق کیلئے بیدار (چست) ہو جاؤ۔

اِنْتَبِهُوْا: فِعْلٌ اَمْرٌ مَبْنِيٌّ عَلٰى حَذْفِ النُّوْنِ وَالْوَاوِ فَاعِلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ
فعل امر مبنی بر حذف نون ہے اور واؤ جمع فعل مبنی بر سکون ہے۔

لِلدَّرْسِ: اَللَّامُ حَرْفُ جَرٍّ مَبْنِيٌّ عَلَى الْكَسْرِ، وَالدَّرْسُ مَجْرُوْرٌ بِالَّامِ عَلَامَةُ جَرِّهِ الْكَسْرَةُ

لام حرف جر مبنی بر کسرہ ہے اور درس مجرور لام جارہ کی وجہ سے اور اس کی علامت کسرہ ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ: آنے والے جملوں کو اعراب لگائیں۔

(۱) اِمْتَطِ الْجَوَادَ گھوڑے پر سواری کر

(۲) اِغْسِلْنَ الْمَلَابِسَ تم سب عورتیں لباس ضرور بضرور دھوؤ

(۳) اِقْطِفَنَّ الْاَزْهَارَ ضرور ضرور پھول توڑو۔

(۴) اَطْعِمَا الْفُقَرَاءَ۔ تم دونوں فقیروں کو کھانا کھلاؤ

اِمْتَطِ: فعل امر مبنی بر حذف الیاء

اَلْجَوَادَ: مفعول بہ منصوب ہے

اِغْسِلْنَ: فعل امر مبنی بر سکون باتصال نون جمع مؤنث

اَلْمَلَابِسَ: مفعول بہ منصوب ہے۔ منصوب ہونے کی علامت نصب ہے

اَطْعِمَا: فعل امر مبنی برفتحہ بااتصال الف تثنیہ کے

اَلْفُقَرَاءَ: مفعول بہ منصوب ہے منصوب ہونے کی علامت نصب ہے۔

اِقْطِفَنَّ: فعل امر مبنی برفتحہ ہے بااتصال نون ثقیلہ۔

اَلْاَزْهَارَ: مفعول بہ منصوب ہے اس کے منصوب ہونے کی علامت نصب ہے۔

اَحْوَالُ بِنَاءِ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ

(فعل مضارع کے مبنی ہونے کے احوال)

(۱) لَاَسْتَمِعَنَّ النَّصِيْحَةَ — میں ضرور نصیحت سنوں گا۔

(۲) لَيَذْهَبَنَّ الْغِلْمَانُ — نوجوان ضرور جائیں گے۔

(۳) اَلَا تَسْتَرِيْحَنْ يَاسَعِيْدُ — اے سعید کیا تم آرام نہیں کرو گے۔

(۴) اَلَا تَرْحَمَنْ هٰذَا الْمِسْكِيْنَ — کیا تم اس مسکین پر رحم نہیں کرو گے۔

(۵) اَلطَّالِبَاتُ يَسْتَمِعْنَ النَّصِيْحَةَ — طالبات نصیحت غور سے سنیں گی۔

(۶) اَلنِّسَآءُ يَذْهَبْنَ — عورتیں جائیں گی۔

(۷) اَلَا تَسْتَرِحْنَ يَافَتَيَاتُ — اے جوان عورتو! کیا تم آرام نہیں کرو گی۔

(۸) اَلَا تَرْحَمْنَ هٰذَا الْمِسْكِيْنَ — کیا تم اس مسکین رحم نہیں کرو گی۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

بِالتَّاَمُّلِ فِي الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ فِي الْاَمْثِلَةِ الْاَرْبَعَةِ الْاُوْلٰى، نَجِدُ كُلًّا مِنْهَا مُتَّصِلًا بِنُوْنِ التَّاكِيْدِ غَيْرَ اَنَّ هٰذِهِ النُّوْنَ مُشَدَّدَةٌ اَوْثَقِيْلَةٌ فِي الْفِعْلَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ۔ وَخَفِيْفَةٌ فِي الْفِعْلَيْنِ الْاَخِيْرَيْنِ۔ وَاِذَا تَاَمَّلْنَا هٰذِهِ الْاَفْعَالَ وَاحِدًا وَاحِدًا وَجَدْنَاهَا جَمِيْعًا مَفْتُوْحَةَ الْاَوَاخِرِ، وَلَوْ اَنَّنَا اَدْخَلْنَاهَا فِي تَرَاكِيْبَ اُخْرٰى، لَبَقِيَتْ اَوَاخِرُهَا مَفْتُوْحَةً اَيْضًا وَلَمْ تَتَغَيَّرْ بِتَغَيُّرِ التَّرَاكِيْبِ، وَعَلٰى هٰذَا تَكُوْنُ مَبْنِيَّةً عَلَى الْفَتْحِ وَمِنْ ذَالِكَ نَعْلَمُ اَنَّ الْمُضَارِعَ يُبْنٰى عَلَى الْفَتْحِ اِنْ اتَّصَلَ بِنُوْنِ تَوْكِيْدٍ ثَقِيْلَةٍ اَوْخَفِيْفَةٍ۔

فعل مضارع کی پہلی چار مثالوں میں غور وخوض کرنے سے ہم ان میں سے ہر ایک کو نون تاکید کے ساتھ متصل پاتے ہیں۔ سوائے اس کے کہ یہ نون مشدد یا نون ثقیلہ ہے پہلے دو فعلوں میں اور نون خفیفہ ہے آخری دو فعلوں میں اور جب

ہم ان افعال میں الگ الگ غور کرتے ہیں تو ان تمام کو آخر کے اعتبار سے مفتوح پاتے ہیں اگرچہ ہم نے ان کو داخل کر دیں دوسری ترکیبوں میں البتہ ان کا آخر بھی مفتوحہ ہو گیا اور ترکیب تبدیل نہ ہوئی اور اس وجہ سے یہ مبنی برفتحہ ہو گیا۔ اسی وجہ سے ہم نے جان لیا کہ مضارع مبنی برفتحہ ہوتا ہے اگر نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ متصل ہو۔

وَإِذَاتَأَمَّلْنَا هٰذِهِ الْأَفْعَالَ نَفْسَهَا فِي الْأَمْثِلَةِ الْأَرْبَعَةِ الثَّانِيَةِ وَجَدْنَا كُلًّا مِنْهَا مُتَّصِلًا بِنُونِ النِّسْوَةِ،وَوَجَدْنَا آخِرَ كُلٍّ مِنْهَا سَاكِنًا وَلَوْ اَنَّنَا اَدْخَلْنَاهَا وَهِيَ مُتَّصِلَةٌ بِهٰذِهِ النُّونِ فِي تَرَاكِيْبَ اُخْرىٰ لَبَقِيَتْ اَوَاخِرُهَا سَاكِنَةً لَاتَتَغَيَّرُ بِتَغَيُّرِ التَّرَاكِيْبِ۔ وَبِذٰلِكَ تَكُوْنُ مَبْنِيَّةً عَلَى السُّكُوْنِ، وَمِنْ هٰذَا نَعْلَمُ اَنَّ الْفِعْلَ الْمُضَارِعَ يُبْنَى عَلَى السُّكُوْنِ متٰى كَانَ مُتَّصِلًا بِنُوْنِ النِّسْوَةِ

جب ہم ان افعال کی دوسری چار مثالوں میں غور کرتے ہیں تو ہم ہر ایک کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل پاتے ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک کے آخر ساکن اگرچہ ہم نے اس کو داخل کیا اور اس نون کے ساتھ جو دوسری ترکیبوں میں متصل ہے البتہ ان کا آخر ساکن ہے ان ترکیبوں کے بدلنے سے تبدیل نہیں ہوتا اور مبنی برسکون ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ہم جانتے ہیں کہ بے شک فعل مضارع مبنی برسکون ہوتا ہے جب نون جمع مؤنث کے ساتھ متصل ہو۔

وَلَيْسَ لِلْفِعْلِ الْمُضَارِعِ حَالٌ يُبْنَى فِيْهَا غَيْرُهَا تَيْنِ الْحَالَتَيْنِ، وَفِيْمَا عَدَا ذَالِكَ يَكُوْنُ مُعْرَبًا

اور فعل مضارع کا کوئی ایسا حال نہیں کہ ان دو حالتوں کے علاوہ مضارع مبنی ہو بلکہ اس کے علاوہ معرب ہوگا۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۳۶) يُبْنَى الْفِعْلُ الْمُضَارِعُ عَلَى الْفَتْحِ اِنْ اتَّصَلَتْ بِهٖ نُوْنُ التَّوْكِيْدِ وَيُبْنٰى

عَلَى السُّكُوْنِ اِنِ اتَّصَلَتْ بِهِ نُوْنُ النِّسْوَةِ وَيُعْرَبُ فِيْمَا عَدَا ذَالِكَ
فعل مضارع مبنی برفتحہ ہوتا ہے اگر اس کے ساتھ نون تاکید متصل ہو اور مبنی بر سکون ہوتا ہے اگر اس کے ساتھ نون جمع مؤنث ہو۔ اس مضارع کے علاوہ سب معرب ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر۱)

عَيِّنْ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ الْأَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمُعْرَبَةَ ثُمَّ الْمَبْنِيَّةَ عَلَى الْفَتْحِ وَعَلَى السُّكُوْنِ وَاذْكُرِ السَّبَبَ فِي كُلٍّ

آنے والی عبارات میں سے افعال مضارعہ معرب کی تعیین کریں پھر ہر ایک کا مبنی برفتحہ اور مبنی علی السکون ہونے کا سبب ذکر کریں۔

(۱) كُنْتُ اَوَدُّ اَنْ اَزُوْرَ الْيَوْمَ دَارَالْكُتُبِ وَدَارَ الْآثَارِ وَلٰكِنِّي لَمْ اَجِدْ وَقْتًا كَافِيًا فَزُرْتُ دَارَ الْكُتُبِ وَسَاَذْهَبُ اِلٰى دارِ الآثارِ غدًا

حل: اود، ازور، اجد، اذهب معرب مبنی ہونے کی کوئی علامت نہیں ہے۔

(۲) لَاتُكْثِرَنَّ مُعَاتَبَةَ الصَدِيْقِ، وَلاَ يُزَهِّدَنَّكَ فِيه ذَنْبٌ صَغِيْرٌ يُحِيْطُ بِهٖ حَمِيْدُ فِعَالِهٖ

حل: تُكْثِرَنَّ، يُزَهِّدَنَّكَ مبنی برفتحہ بوجہ نون تاکید کے متصل ہونے کے۔

(۳) اَلْبَنَاتُ يُنَافِسْنَ الْغِلْمَانَ فِي كَثِيْرٍ مِنَ الْاَعْمَالِ وَقَدْ يَفُقْنَهُمْ

حل: يُنَافِسْنَ، يَفُقْنَهُمْ مبنی برسکون، بوجہ نونِ جمع متصل ہونے کے۔

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْآتِيَةَ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ تَكُوْنُ مَرَّةً مُعْرَبَةً وَمَرَّةً مَبْنِيَّةً عَلَى الْفَتْحِ وَمَرَّةً مَبْنِيَّةً عَلَى السُّكُوْنِ۔

آنے والے افعال مضارعہ کو مفید جملوں میں اس طرح رکھیں کہ ایک دفعہ

معرب پھر مبنی علی الفتح اور پھر آخری مرتبہ مبنی بر سکون ہوں۔

یَطْبَخُ، یُهَذِّبُ، ینظف، یُدَاعِبُ، یَتَلَطَّفُ، یَسْأَلُ

حل:

مبنی بر سکون	مبنی بر فتحه	معرب
یَطْبَخْنَ النِسَآءُ الطَّعَامَ	لَیَطْبَخَنَّ الرِّجَالُ الأَرُزَّ	تَطْبَخُ الْبِنْتُ الْخُبْزَ
تُهَذِّبْنَ الْمُعَلِّمَاتُ الطَّالِبَاتِ	لَیُهَذِّبَنَّ الرَّجُلُ وَلَدَهُ	یُهَذِّبُ الْمُعَلِّمُ طُلَّابَهُ
اَلْبَنَاتُ یُنَظِّفْنَ بُیُوتَهُنَّ	لَیُنَظِّفَنَّ جَمِیلٌ حُجْرَتَهُ	یُنَظِّفُ الْخَادِمُ مَكَانَهُ
اَلطَّالِبَاتُ یُدَاعِبْنَ صَدِیْقَاتِهِنَّ	لَیُدَاعِبَنَّ الأَطْفَالُ	یُدَاعِبُ الْمَرْءُ زَوْجَتَهُ
اَلنِّسَآءُ تَتَلَطَّفْنَ اَصْفَالَهُنَّ	لَاتَتَلَطَّفَنَّ اِبْنَكَ	یَتَلَطَّفُ الرَّجُلُ اَوْلَادَهُ
اَلْمُتَعَلِّمَاتُ یَسْئَلْنَ عَمِیْدَهُنَّ	یَسْئَلَنَّ الْفَقِیْرُ الأَمِیْرَ	یَسْئَلُ الأُسْتَاذُ طَالِبَهُ

التمرين ۳ (مشق نمبر ۳)

(۱) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلِّ جُمْلَةٍ مِنهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مُعْرَبٌ

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے میں فعل مضارع معرب ہو۔

حل فعل مضارع معرب کے جملے:

(۱) یَنْجَحُ الطَّالِبُ فِي الْاِمْتِحَانِ

(۲) تَذْهَبُ الْمَرْأَةُ مِنَ الْبَیْتِ اِلَی السُّوقِ

(۳) یَتَسَاءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاءِ الْعَظِیْمِ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِي كُلِّ جُمْلَةٍ مِنهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَبْنِیٌّ عَلَى الْفَتحِ۔

تین ایسے جملے بنائیے کہ جن میں سے ہر ایک جملے میں فعل مضارع مبنی علی الفتح ہو۔

حل فعل مضارع مبنی برفتحہ کے تین جملے:

(۱) لَأَذْبَحَنَّ الْبَقَرَةَ لِلْمُجَاهِدِيْنَ

(۲) لَتَدْخُلَنَّ الْمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةَ (۳) لَأَنْصُرَنَّكَ فِي الْإِسْتِقْبَالِ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِيْ كُلِّ جُمْلَةٍ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے میں فعل مضارع مبنی برسکون ہو۔

حل فعل مضارع مبنی برسکون کے تین جملے:

(۱) اَلطَّالِبَاتُ يَسْتَرِحْنَ بِالْمِزَاحِ

(۲) اَلْمُسْلِمَاتُ يَجْتَهِدْنَ فِي اَعْمَالِ الْخَيْرِ

(۳) اَلْمُومِنَاتُ يَصْبِرْنَ عَلَى الْمَصَائِبِ

تَمْرِيْنَاتٌ عَامَّةٌ فِي بِنَاءِ الْأَفْعَالِ عِنْدَ اِتِّصَالِهَا بِنُوْنِ النِّسْوَةِ وَنُوْنِ التَّوْكِيْدِ۔

نون جمع مؤنث اور نون تاکید کے افعال کے ساتھ اتصال کی حالت میں چند عمومی مشقیں

التمرين ا (مشق نمبر ا)

عَيِّنْ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ الْأَفْعَالَ الْمُتَّصِلَةَ بِنُوْنِ النِّسْوَةِ وَاشْكُلْ اَوَاخِرَهَا۔

آنے والی عبارات میں ایسے افعال کی تعیین کریں کہ جن کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل ہوتی ہے اور ان کے آخر کو اعراب لگائیں۔

(۱) تَقْرَأُ الْبَنَاتُ وَيَلْعَبْنَ

(۲) اَلنِّسَآءُ يَعْمَلْنَ الْوَجِبَ لِلْوَطَنِ

(۳) تَجَنَّبْنَ الضِّحْكَ الْكَثِيْرَ يَافَتَيَاتُ

(۴) كَثِيْرٌ مِنَ النِّسَآءِ يَشْتَغِلْنَ بِالطِّبِّ

(۵) لَبِسَتِ الْبَنَاتُ ثِيَابَهُنَّ وَخَرَجْنَ

(٦) اِفْهَمْنَ الدَّرْسَ يَاتِلْمِيْذَاتُ

(۷) نُثْنِي عَلَى الْفَتَيَاتِ اللَّاتِي حَفِظْنَ دُرُوْسَهُنَّ

حل وہ افعال جن کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل ہے:

يَلْعَبْنَ، تجنبن، حزجن

يعملن، يشتغلن، افهمن، حفظن

التمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) عَيِّنْ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ الْأَفْعَالَ الْمُؤَكَّدَةَ بِالنُّوْنِ وَاضْبِطِ النُّوْنَ وَأَوَاخِرَ أَفْعَالٍ بِالشَّكْلِ۔

آنے والی عبارات میں سے افعال موکدہ بالنون کی متعین کریں اور افعال کے آخر میں اعراب لگائیں۔

(۱) إِذَا عَاتَبْتَ صَدِيْقًا فَلَاتُبَالِغَنَّ فِي عِتَابِهِ

(۲) اِتَّقِيْنَ غَيْظَ الْحَلِيْمِ

(۳) اُتْرُكِ اللَّعْبَ وَاقْبِلَنْ عَلَى عَمِلِكَ

(۴) لَاتَصْنَعَنَّ مَعْرُوْفًا فِي غَيْرِ اَهْلِهِ

(۵) لِيَخْتَارَنَّ كُلُّ اِنْسَانٍ صَدِيْقَهُ

(۶) إِذَا هَفَا صَدِيْقُكَ فَاغْفِرَنْ هَفْوَتَهُ

(۷) لَاتَعِدَنَّ وَعْدًا وَتُخْلِفُهُ

(۸) لَا يَعْتَمِدَنَّ اَحَدٌ عَلَى غَيْرِ نَفْسِهِ

حل: وہ افعال کے جن کے ساتھ نون متصل ہے

لَاتُبَالِغَنَّ، اقبلن، اتقين تصنعن، ليختارن، فاغفرن، تعدن، لعمدن

التمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

صِلِ الْأَفْعَالَ الْآتِيَةَ بِنُوْنِ النِّسْوَةِ ثُمَّ اَشْكِلْ اَوَاخِرَهَا۔

(۱) يَسْتَمِعُ النَّصِيْحَةَ (۵) يَفْتَحُ الشَّبَابِيْكَ

(۲) يَطْبُخُ الطَّعَامَ (۶) يُغْلِقُ الْاَبْوَابَ
(۳) يُدَبِّرُ شُؤُنَ الْمَنْزِلِ (۷) يَفْرِشُ الْبُسُطَ
(۴) يُعَلِّمُ الْاَطْفَالَ (۸) يُشْعِلُ الْمَصَابِيْحَ

حل: دیئے گئے جملوں کے ساتھ نون جمع مؤنث کا اتصال:

(۱) يَسْتَمِعْنَ الْمَنصِيحَةَ (۲) يَطْبُخْنَ الطَّعَامَ
(۳) يُدَبِّرْنَ شُئُونَ الْمَنْزِلِ (۴) يُعَلِّمْنَ الْاَطْفَالَ
(۵) يَفْتَحْنَ الشَّبَابِيكَ (۶) يُغْلِقْنَ الْاَبْوَابَ
(۷) يَفْرِشْنَ الْبُسُطَ (۸) يُشْعِلْنَ الْمَصَابِيْحَ

التمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

اَكِّدِ الْاَفْعَالَ الْآتِيَةَ بِالنُّونِ الْخَفِيْفَةِ مَرَّةً وَالثَّقِيْلَةِ اُخْرٰى وَاضْبِطْ كُلًّا مِنَ النُّوْنَيْنِ وَآوَاخِرَ الْاَفْعَالِ بِالشَّكْلِ۔

آنے والے افعال کو ایک مرتبہ نون خفیفہ اور دوسری مرتبہ نون ثقیلہ کے ساتھ مؤکد کریں۔ دونوں نونوں اور افعال کے آخر پر اعراب لگائیں۔

(۱) لِيَجْلِسْ عَلِيٌّ (۴) لَاتُكْثِرْ مِنَ الضِّحْكِ
(۲) عَامِلِ النَّاسَ بِالرِّفْقِ (۵) اَوْقِدِ الْمِصْبَاحَ
(۳) لَاتَخْتَلِطْ بِالْمَرْضٰى (۶) لَاتَصْحَبِ الْاَشْرَارَ

حل دیئے گئے جملوں کی نون ثقیلہ وخفیفہ کے ساتھ تاکید:

فعل مؤکد با نون ثقیلہ	فعل مؤکد با نون خفیفہ
(۱) لِيَجْلِسَنَّ عَلِيٌّ	(۱) لِيَجْلِسَنْ عَلِيٌّ
(۲) عَامِلَنَّ النَّاسَ بِالرِّفْقِ	(۲) عَامِلَنْ النَّاسَ بِالرِّفْقِ
(۳) لَا تَخْتَلِطَنَّ بِالْمَرْضٰى	(۳) لَاتَخْتَلِطَنْ بِالْمَرْضٰى
(۴) لَاتُكْثِرَنَّ مِنَ الضِّحْكِ	(۴) لَاتُكْثِرَنْ مِنَ الضِّحْكِ

(۵) اَوْقِدَنَّ الْمِصْبَاحَ (۵) اَوْقِدَنِ الْمِصْبَاحَ

(٦) لَاتَصْحَبَنَّ الْاَشْرَارَ (٦) لَاتَصْحَبَنِ الْاَسْرَارَ

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُتَّصِلٌ بِالنُّوْنِ النِسْوَةِ وَاضْبطُ النُّوْنَ و آخِرَ الْفِعْلِ

ایسے پانچ جمل بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک ایسا فعل ماضی ہو کہ اس کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل ہو پھر نون اور فعل کے آخر کو اعراب دیں۔

حل: فعل ماضی متصل بالنون جمع مؤنث کے پانچ جملے:

(۱) اَلْمُعَلِّمَاتُ ذَهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۲) اَلْبَنَاتُ تَطْبَخْنَ طَعَامَهُنَّ

(۳) كَثِيْرٌ مِنَ الْفَتَيَاتِ اِشْتَغَلْنَ بِالتَعْلِيْمِ

(۴) اَلتِلْمِيْذَاتُ لَعِبْنَ فِي سَاحَةِ الْمَدْرَسَةِ

(۵) اَلْوَالِدَاتُ اَرْضَعْنَ اَوْلَا دَهُنَّ

(۲) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا مُضَارِعٌ مُتَّصِلٌ بِنُوْنِ النِسْوَةِ وَاضْبطِ النُّوْنَ و آخِرَ الْفِعْلِ

پانچ ایسے جملے بنایئے کہ ان میں سے ہر جملے میں ایسا فعل مضارع ہو کہ جس کے ساتھ نون جمع مؤنث متصل ہو پھر نون اور فعل کے آخر کو اعراب دیں۔

حل: فعل مضارع متصل بنون جمع مؤنث کے پانچ جملے:

(۱) اَلْاُمَّهَاتُ يُرْضِعْنَ الصِّبْيَانَ (۲) اَلطَّالِبَاتُ يَمْشِيْنَ فِي الْمَيْدَانِ

(۳) اَلطَّالِبَاتُ يُنَظِّفْنَ غُرُ فَتَهُنَّ (۴) اَلْوَالِدَاتُ يُرَبِّبْنَ اَوْلَا دَهُنَّ

(۵) كَثِيْرٌ مِنَ النِّسَآءِ يَكْفُرُوْنَ الْعَشِيْرَ

(۳) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِنْهَا فِعْلٌ اَمْرٌ مُتَّصِلٌ بِنُوْنِ النِسْوَةِ واضْبطِ

النُونَ وَآخِرَ الْفِعِلِ

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے ایسا فعل امر ہو کہ اس کے ساتھ نون جمع مؤنث ملی ہو اور نون اور فعل کے آخر کو اعراب دیں۔

حل فعل امر بنون جمع مؤنث کے پانچ جملے:

(۱) اُنْصُرْنَ الْغُرَبَاءَ (۲) هَذِّبْنَ اَوْلَادَكُنَّ

(۳) اُتْرُكْنَ الْعَمَلَ فِي وَقْتِ الصَّلٰوةِ

(۴) يَا تِلْمِيْذَاتُ اِذْهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ (۵) اِصْبِرْنَ عَلَى الْمَصَائِبِ

التمرين ٦ (مشق نمبر ٦)

(۱) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مُؤَكَّدٌ بِالنُّوْنِ الْخَفِيْفَةِ وَاشْكِلِ النُّوْنَ وَآخِرَ الْفِعْلِ

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک فعل مضارع ہو اور اس کے ساتھ نون خفیفہ ملی ہوئی ہو اور پھر نون اور فعل کے آخر کو اعراب لگاؤ۔

حل فعل مضارع مؤکد با نون خفیفہ کے پانچ صیغے:

(۱) لَيَشْغَلَنِ الْوَلَدُ الْمِصْبَاحَ (۲) لَيُدَبِّرَنِ الْغُلَامُ شُئُوْنَ الْمَدْرَسَةِ

(۳) لَيَطْعَمَنِ الْاَوْلَادُ فِي الْمَطْعَمِ

(۴) لَيُعَلِّمَنَّ الْاُسْتَاذُ تَلَامِيْذَهُ (۵) لَتَجْلِسَنْ فِي الْبَيْتِ

(۲) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مُؤَكَّدٌ بِالنُّوْنِ الثَّقِيْلَةِ وَاشْكِلِ النُّوْنَ وَآخِرَ الْفِعْلِ۔

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملے میں ایسا فعل مضارع ہو کہ جس کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ متصل ہو اور نون فعل کے آخر پر اعراب لگائیں۔

حل فعل مضارع موکد با نون تاکید ثقیلہ کے پانچ جملے

(۱) لَاَنْصُرَنَّكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ (۲) لَيَذْهَبَنَّ الْخَالِدُ اِلٰى بَيْتِهٖ

(٣) لَتَضْرِبَنَّ الْهِنْدَةُ بِنْتَهَا (٤) لَنَذْبَحَنَّ الدِّيْكَ لِلضَّيْفِ
(٥) لَتَطْلَعَنَّ الشَّمْسُ

(٣) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ اَمْرٌ مُؤَكَّدٌ بِالنُّونِ الْخَفِيْفَةِ وَاشْكِلِ النُّوْنَ وَآخِرَ الْفِعْلِ۔

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملے میں ایسا فعل امر ہو کہ جس کے ساتھ نون تاکید خفیفہ متصل ہو اور نون فعل کے آخر پر اعراب لگائیں۔

حل فعل امر موکد بانون حفیفہ کے پانچ جملے

(١) لِيَقْتُلَنْ قَاتِلَ اَبِيْكَ (٢) اُفْتَحِن بَابَ دَارِكِ يَا فَاطِمَةُ
(٣) اُنْصُرَنَ الْمَسَاكِيْنَ بِالْمَالِ (٤) يَااَبِي اِشْرَبَنِ اللَّبَنَ
(٥) اِقْطَفَنْ وَرْدَةً

(٤) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ اَمْرٌ مُؤَكَّدٌ بِالنُّونِ الثَّقِيْلَةِ وَاشْكِلِ النُّوْنَ وَآخِرَ الْفِعْلِ۔

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملے میں ایسا فعل امر موکد بانون ثقیلہ ہو اور نون وفعل کے آخر کو اعراب دو۔

حل فعل امر متصل بانون تاکید ثقیلہ کے جملے

(١) اِجْتَهِدَنَّ لِلْاِخْتِبَارِ السَّنَوِيَّةِ (٢) اُنْظُرَنَّ اِلَى اَعْمَالِكَ
(٣) اُنْصُرَنَّ لِلْمُجَاهِدِيْنَ لِاِعْلَاءِ كَلِمَةِ الدِّيْنِ
(٤) اِفْتَحَنَّ الْبَابَ
(٥) اِكْسِبَنَّ الْكَسْبَ الْحَلَالَ وَاجْتَنِبَنَّ عَنِ الْحَرَامِ

التمرين ٧ في الاعراب (مشق نمبر ٦ اعراب کے بارے میں مشق)

(أ) نموذج: نمونہ

(١) لَاتُعَذِّبَنَّ الْحَيَوَانَ — ہرگز ہرگز جانور کو تکلیف مت دے۔

(۲) لَا نَاهِيَةٌ حَرْفٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ۔

لاحرف نہی ہے اور مبنی بر سکون ہے۔

تُعَذِّبَنَّ۔ فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ لِاتِّصَالِهٖ بِنُوْنِ التَّوْكِيْدِ فِي مَحَلِّ جَزْمٍ بِلَا النَّاهِيَةِ۔ مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ۔

تعذِّبَنَّ فعل مضارع مبنی برفتحہ ہے نون ثقیلہ تاکید کے اتصال کی وجہ سے مجزوم محلًا ہے اور نا ہیہ کی وجہ سے حیوان مفعول بہ منصوب بالفتحہ ہے۔

(۲) اِرْحَمْنَ الضُّعَفَاءَ کمزوروں سے رحم کا معاملہ کر۔

اِرْحَمْنَ: اَرْحَمْ فِعْلٌ اَمْرٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ وَنُوْنُ النِّسْوَةِ فَاعِلٌ مُبْنِيٌّ عَلَى عَلَى الْفَتْحِ فِي مَحَلِّ رَفْعٍ۔

الضُّعَفَاءَ: مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ

الضعفاء مفعول بہ منصوب بالفتحہ ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الْآتِيَتَيْنِ

آنے والے جملوں کو اعراب بتاؤ

(۱) اَنْجِزَنَّ الْوَعْدَ (۲) لَاتَعْتَمِدَنَّ عَلَى الْخَدَمِ

وعدہ ضرور ضرور پورا کر نوکر پر ہرگز ہرگز اعتماد نہ کر

اَنْجِزَنَّ: فعل امر با نون تاکید ثقیلہ مبنی برفتحہ بوجہ اتصال نون تاکید ثقیلہ

اَلْوَعْدَ: مفعول بہ بالفتحہ لَا تَعْتَمِدَنَّ: لَا: ناہیہ حرف مبنی علی السکون

عَلَى: حرف جر مبنی برفتحہ الخَدَمِ: مجرور بالکسر بوجہ دخول حرف جر

○○○

اَلْاِعْرَابُ الْمُحَلِّی
(محلی اعراب کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) اَنْتَ رَجُلٌ مُهَذَّبٌ — تومہذب آدمی ہے۔

(۲) سَاعَدْتُ هٰؤُلَآءِ الْمَسَاكِيْنَ — میں نے ان مسکینوں کی مدد کی۔

(۳) عَطَفْتُ عَلٰى هٰذَا الْمَرِيْضِ — میں نے اس مریض پر شفقت کی۔

(۴) لَاتَشْرِبَنَّ الْمَاءَ الْكِدْرَ — تم ہرگز ہرگز گدلا پانی نہ پیو۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

كَلِمَةُ "اَنْتَ" فِى الْمِثَالِ الْاَوَّلِ مُبْتَدَاءٌ وَلَمْ تَظْهَرْ عَلَيْهَا الضَّمَّةُ لِاَنَّهَا مَبْنِيَّةٌ وَلَوْ اَنَّ اِسْمًا مُعْرَبًا حَلَّ مَحَلَّهَا لَكَانَ مَرْ فُوْعًا بِالضَّمَةِ وَلِذٰلِكَ يُقَالُ فِى اِعْرَابِهَا اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْفَتْحِ فِى مَحَلِّ رَفْعٍ

پہلی مثال میں کلمہ انت مبتداء ہے حالانکہ اس پر ضمہ ظاہر نہیں اس لئے کہ وہ مبنی ہے۔ اگر وہ اسم معرب ہوتا تو اس کا محل کھل جاتا تو ضرور مرفوع بالضمہ ہوتا اسی وجہ سے اس کے اعراب کے بارے میں اب کہا جائے گا کہ وہ مبنی بر فتحہ ہے مَحَلِّ رفع میں۔

وَكَلِمَةُ هٰؤُلَاءِ فِى الْمِثَالِ الثَّانِى مَفْعُوْلٌ بِهٖ وَلَمْ تَظْهَرْ عَلَيْهَا الْفَتْحَةُ لِاَنَّهَا مَبْنِيَّةٌ وَلَوْ اَنَّ اِسْمًا مُعْرَبًا حَلَّ مَحَلَّهَا لَكَانَ مَنْصُوْبًا بِاالْفَتْحَةِ وَلِذٰلِكَ يُقَالُ فِى اِعْرَابِهَا اَنَّها مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْكَسْرِ فِى مَحَلِّ نَصَبٍ۔

اور کلمہ هٰؤُلاء دوسری مثال میں مفعول بہ ہے حالانکہ اس پر فتحہ ظاہر نہیں ہوا اس لئے کہ وہ مبنی ہے اگر وہ اسم معرب ہوتا تو اس محل کھل جاتا تو ضرور وہ منصوب بالفتحہ ہوتا اور اسی سے اس کے اعراب کے متعلق کہا جائے گا کہ بے

شک وہ مبنی برکسر ہے نصب کے محل میں۔

وَلِهٰذَا السَّبَبِ يُقَالُ فِي إِعْرَابِ كَلِمَةِ هٰذَا فِي الْمِثَالِ الثَّالِثِ أَنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى السُّكُوْنِ فِي مَحَلِّ جَرٍّ لِأَنَّهَا مَسْبُوْقَةٌ بِحَرْفِ جَرٍّ وَفِي إِعْرَابِ الْفِعْلِ تَشْرَبَنَّ فِي الْمِثَالِ الْأَخِيْرِ أَنَّهُ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ فِي مَحَلِّ جَزْمٍ لِبِنَائِهِ وَدُخُوْلُ "لَا" اَلنَّاهِيَةِ عَلَيْهِ

اور اسی سبب کی وجہ سے تیسری مثال کے کلمہ کے اعراب کے بارے میں کہا جائے گا کہ وہ مبنی برسکون ہے جر کے محل میں اس لئے کہ وہ ایک حرف جر کے بعد ہے اور فعل تشربن کا اعراب آخری مثال میں کہ وہ مبنی برفتحہ ہے جزم کے محل میں اس کے مبنی ہونے کی وجہ سے اور لائے ناہیہ کے داخل ہونے کی وجہ سے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(٣٧) إِذَا وَقَعَتْ كَلِمَةٌ مَبْنِيَّةٌ فِي مَوْضِعٍ مِنْ مَوَاضِعِ الرَّفْعِ أَوِ النَّصْبِ أَوِ الْجَرِّ أَوْ يَجْزِمِ، لَا يَتَغَيَّرُ آخِرُهَا، وَيُقَالُ إِنَّهَا فِيْ مَحَلِّ رَفْعٍ أَوْ نَصَبٍ أَوْجَرٍّ أَوْجَزْمٍ عَلٰى حَسْبِ مَوْضِعِهَا فِي الْجُمْلَةِ

جب کوئی کلمہ رفع کی جگہ میں یا نصب، جر یا جزم کی جگہ میں مبنی واقع ہو جائے تو اس کا آخر تبدیل نہیں ہوگا اور کہا جائے گا کہ وہ محل رفع میں یا نصب میں یا جر، جزم میں (جملہ میں اس مقام کی حیثیت سے) ہے۔

تمرينات (مشقیں)

التمرين ١ (مشق نمبر١)

بَيِّنْ مَافِي الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْمَبْنِيَّةِ الَّتِي فِي مَحَلِّ رَفْعٍ وَالَّتِي فِي مَحَلِّ نَصَبٍ وَالَّتِي فِي مَحَلِّ جَرٍّ وَالَّتِيْ فِي مَحَلِّ جَزْمٍ۔

آنے والی عبارت میں سے کلمات مبنیہ کے بارے میں یہ بات بیان کریں کہ کون سا کلمہ محل رفع میں ہے اور کون سا محلِ نصب، کون سا محل جر اور کون سا کلمہ محل جزم

میں ہے۔

رَاَیْتُ رَجُلاً مِنَ الَّذِیْنَ جَرَّبُوْ الاُمُوْرَ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الصِفَاتِ الَّتِی تُکْسَبُ الْاِنْسَانَ قَبُوْلاً فِی هٰذِهِ الدُنْیَا، فَقَالَ عَامِلِ النَّاسَ بِمَا تُحِبُّ اَنْ یُعَامِلُوْكَ بِهٖ وَجَامِلْ مَنْ یُجَامِلُكَ وَلاَ تَقْصِّرَنَّ فِی وَاجِبٍ عَلَیْكَ وَلَا تُمَکِّنَنَّ وَاشِیًا اَنْ یُفْسِدَ مَابَیْنَكَ وَبَیْنَ النَّاسِ۔

حل: مندرجہ بالا عبارت میں کلمات کا اعراب

رَاَیْتُ (تائے متحرکہ) جَرَّبُوْا (واو جمع مذکر) سَاَلْتُ (تائے متحرکہ) سب محل رفع میں ہیں۔ مَنْ، هٗ، عَنْ، بما، فِی، اَنْ، مَن، فِی علٰی، ان ما یہ سب محل نصب میں ہیں تُقَصِّرَنَّ، تَمَکِّنَنَّ، دونوں فعل جزم میں ہیں۔

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعِ الْاَسْمَاءَ الْمَبْنِیَةَ الْآتِیَةَ فِی جُمَلٍ مُفِیْدَةٍ، بِحَیْثُ تَکُوْنُ مَرَّةً فِی مَحَلِّ رَفْعٍ وَمَرَّةً فِی مَحَلِّ نَصَبٍ، وَمَرَّةً فِیْ مُحَلِّ جَرٍّ، الَّذِیْ، هٰؤُلَاءِ، مَا، هٰذِهٖ

آنے والے اسمائے مبنیہ کو جملہ مفیدہ کے اندر اس حیثیت سے رکھیں ایک مرتبہ وہ محل رفع میں ہوں دوسری مرتبہ محل نصب میں جبکہ تیسری مرتبہ محل جر میں ہوں۔

حل: دیئے گئے کلمات کا محل اعراب کے لحاظ سے استعمال:

(۱) الَّذِیْ: جَاءَنِیْ الَّذِیْ ضَرَبَكَ، رَاَئیْتُ الَّذِیْ دَخَلَ فِی الْغُرْفَةَ، مَرَرْتُ بِالَّذِی نَامَ حَتَّی الصَّبَاحِ۔

(۲) هٰؤُلَآءِ: هٰؤُلَاءِ طُلَّابُ الْجَامِعَةِ الْاَزْهَرِ، اَطْعَمْتُ هٰؤُلاءِ الَّذِیْنَ جَاءُوْا فِی بَیْتِی، اَتَفَکَّرُ الْآنَ اَنْ اَذْهَبَ اِلٰی هٰؤُلاءِ الَّذِیْنَ یَنْصُرُوْنَ النَّاسَ

(۳) ما: جَاءكَ مَا، رَاَئیْتَ مَا، مَرَرْتَ بِمَا۔

(۴) هٰذِهٖ: هٰذِهٖ نَاقَةٌ، اِشْتَرَیْتُ هٰذِهِ النَّاقَةَ، اَلْعَلَفُ لِهٰذِهِ النَّاقَةِ۔

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

اَكِّدِالْاَفْعَالَ الْاٰتِيَةِ بِنُوْنِ التَّوْكِيْدِ، ثُمَّ ضَعْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ، بِحَيْثُ تَكُوْنُ فِي مَحَلِّ جَزْمٍ : يَاْكُلُ، يَتَحَدَّثُ، يُسَاعِدُ، يَزْرَعُ۔

حل دیئے گئے افعال کا جملہ مفیدنون تاکید کے ساتھ استعمال:

(۱) لَايَاْكُلَنَّ طَعَامَكَ اِلَّا عَالِمٌ

(۲) لَايَتَحَدَّثَنَّ اَحَدُكُمْ عَنْ عُيُوْبِ اُسْتَاذِكُمْ

(۳) لَايُسَاعِدَنَّ اَحَدٌ فِي الْمُنْكَرِ

التمرين ۴ في الاعراب (مشق نمبر۴)

(ا) نموذج: نمونه

حَضَرَ مَنْ سَاعَدْنَاهُ	تو وہ شخص حاضر ہوا جس کی ہم نے مدد کی۔
حَضَرَ۔ فِعْلٌ مَاضٍ مبنی عَلَى الْفَتْحِ	حَضَرَ فعل ماضی مبنی برفتحہ ہے۔
مَنْ: فَاعِلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السكون في محل رفع	مَنْ: مبنی برسکون محل رفع پس فاعل ہے۔
سَاعَدْنَاهُ: سَاعَدَ فِعْلٌ ماضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى السَّكون،	سَاعَدَ فعل ماضی مبنی برسکون ہے۔
لانا: فَاعِلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ فِي مَحَلِّ رَفْعٍ	اور نا ضمیر فاعل مبنی برسکون ہے۔
"لا" مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَبْنِيٌّ عَلَى الضَمِ فِي مَحِلِّ نَصَب	"ہ" ضمیر مفعول بہ ہے اور مبنی برضم ہے نصب کے محل میں۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ

(۱) هٰذِهٖ وَرْدَةٌ جَمِيْلَةٌ — یہ خوبصورت پھول ہے۔

(۲) لَاتَحْتَقِرَنَّ اَحَدًا کوئی کسی کوحقیر نہ سمجھے۔

(۳) شَرِبْتُ الدَّوَاءَ الَّذِی وَصَفَهُ الطَّبِیْبُ میں نے وہی دوائی پی جوطبیب نے بتائی

دیئے گئے جملوں کے کلمات کا اعراب

هٰذِهٖ: یہ مبنی بر کسرہ ہے محل رفع میں وَرْدَةٌ جَمِیْلَةٌ: دونوں مرفوع بالضمہ میں ہیں

لاَ: حرف نہی ہے مبنی بر سکون ہے جازم فعل ہے۔

تَحْتَقِرَنَّ: فعل مبنی بر فتحہ ہے بوجہ اتصال نون تاکید کے محل جزم میں ہے بوجہ لائے الہی کے داخل مؤنث

شَرِبْتُ: فعل مبنی بر سکون کے فائے متحرکہ متصل ہونے کی وجہ سے

الدَّوَاءَ: مفعول بہ منصوب بالفتحہ ہے۔ الذی: مبنی بر کسر ہے نصب کے محل میں

وصف: فعل مبنی برفتحہ ہے۔ ہ ضمیر مفعول بہ محلاً منصوب ہے۔

الطبیبُ: فاعل مرفوع بالضمہ ہے۔

○○○

اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ الْمُعْتَلُ الْآخِرُ وَ اَحْوَالُ اِعْرَابِهٖ

(فعل مضارع معتل الآخر اور اس کے اعراب کے احوال)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	یَتَغَذَّی الْغُلَامُ	لڑکا خوراک کھا رہا ہے۔
	اَوَدُّ اَنْ یَتَغَذَّی الْغُلَامُ	میں چاہتا ہوں کہ لڑکا خوراک کھائے۔
(۲)	اَخْشَی الْبَرْدَ	میں سردی سے ڈرتا ہوں۔
	یَجِبُ اَنْ اَخْشَی الْبَرْدَ	ضروری ہے کہ میں سردی سے ڈروں۔
(۳)	لِمَاذَا تَنْسَی وَعْدَكَ	تو اپنا وعدہ کس لئے بھول جاتا ہے۔
	لَنْ تَنْسَی وَعْدَكَ	تو اپنا وعدہ ہرگز نہیں لوٹے گا۔
(۴)	اَنْتَ تَدْنُوْ مِنَ الْكَبْشِ	تو مینڈھے سے قریب ہے۔
	اَخَافُ اَنْ تَدْنُوَ مِنَ الْكَبْشِ	میں تمہارے مینڈھے سے قریب ہونے سے ڈرتا ہوں
(۵)	یَصْفُو الْجَوُّ	فضا صاف ہو رہی ہے۔
	یَسُرُّنِیْ اَنْ یَصْفُوَ الْجَوُّ	مجھے خوشی ہوگی کہ فضا صاف ہو۔
(۶)	یَعْدُوْ الْحِصَانُ	گھوڑا دوڑتا ہے۔
	لَنْ یَعْدُوَ الْحِصَانُ	گھوڑا ہرگز نہیں دوڑے گا۔
(۷)	اَشْتَهِی الطَّعَامَ	مجھے کھانے کی طلب ہے۔
	لَنْ اَشْتَهِیَ الطَّعَامَ	مجھے ہرگز کھانے کی طلب نہ ہوگی۔
(۸)	یَجْرِیْ الْمَاءُ	پانی بہتا ہے۔
	اُحِبُّ اَنْ یَجْرِیَ الْمَاءُ	میں چاہتا ہوں کہ پانی بہے۔
(۹)	یَعْوِیْ الذِّئْبُ	بھیڑیا بھونکتا ہے۔

لَنْ يَعْوِيَ الذِّئْبُ	بھیڑیا ہرگز نہیں بھونکے گا۔
لَمْ يَتَغَذَّ الْغُلَامُ	لڑکے نے خوراک نہ کھائی۔
لَمْ اَخْشَ الْبَرْدَ	میں سردی سے نہ ڈرا۔
لَاتَنْسَ وَعْدَكَ	اپنا وعدہ نہ بھول۔
لَاتَدْنُ مِنَ الْكَبْشِ	مینڈھے کے قریب نہ ہو۔
لَمْ يَصْفُ الْجَوُّ	فضا صاف نہ تھی۔
لَمْ يَعْدُ الْحِصَانُ	گھوڑا نہیں دوڑا۔
لَمْ اَشْتَهِ الطَّعَامُ	مجھے کھانے کی طلب نہ ہوئی۔
لَمْ يَجْرِ الْمَاءُ	پانی نہ بہا۔
لَمْ يَعْوِ الذِّئْبُ	بھیڑیا نہیں بھونکا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ اِلَى الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ التِّسْعَةِ فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ، تَجِدُهَا جَمِيْعًا مُعْتَلَّةَ الْآخِرِ، اَلثَّلَاثَةَ الْاُوْلٰى مِنْهَا بِالْاَلِفِ، وَالثَّلَاثَةُ الثَّانِيَةَ بِالْوَاوِ، وَالثَّلَاثَةَ الْاَخِيْرَةُ بِالْيَاءِ وَتَجِدُهَا جَمِيْعًا مُعْرَبَةً لِخُلُوِّهَا مِنْ نُوْنَيِ التَّوْكِيْدِ وَالْاِنَاثِ وَجَمِيْعُهَا مَرْفُوْعَةٌ لِخُلُوِّهَا مِنْ اَدَوَاتِ النَّصَبِ وَالْجَزَمِ، وَلٰكِنْ مَا السَّبَبُ فِي عَدَمِ الظُّهُوْرِ الضَّمَّةِ الَّتِي هِيَ عَلَامَةُ الرَّفْعِ فِي اَوَاخِرِهَا؟ اَلسَّبَبُ اَنَّ آخِرَ كُلِّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ حَرْفُ عِلَّةٍ، وَحَرْفُ الْعِلَةِ اِنْ كَانَ اَلِفًا تَعَذَّرَ ظُهُوْرُ الضَّمَّةُ عَلَيْهِ۔ وَاِنْ كَانَ واوًا اَوْيَاءً كَانَ ضَمُّهٗ مُسْتَثْقِلًا، وَلِذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ هُنَاكَ بُلَّمِنْ بِقَاءِ حَرْفِ الْعِلَةِ سَاكِنًا وتَقْدِيْرُ الضَمَةِ عَلَيْهِ فِي جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ۔

آپ پہلی قسم میں نو افعال مضارعہ کی طرف توجہ کریں تو ان تمام کو معتل الآخر پائیں گے۔ ان میں سے پہلے تین الف کے ساتھ اور دوسرے تین واؤ کے

ساتھ اور جبکہ آخری تین یاء کے ساتھ ہیں اور ان تمام کو آپ معرب پائیں گے نونِ تاکید اور نون جمع مؤنث سے خالی ہونے کی وجہ سے اور وہ تمام مرفوع ہیں حرف ناصب اور جازم سے خالی ہونے کی وجہ سے لیکن وہ کون سا سبب ہے کہ جس کی وجہ سے ضمہ ظاہر نہیں ہوا جو کہ اس کے آخر میں رفع کی علامت ہے، حاصل جواب یہ ہے کہ ضمہ کے ظاہر نہ ہونے کا سبب ہر فعل کے آخر میں حرف علت کا ہونا ہے اور حرف علت اگر الف ہو تو اس پر ضمہ کا ظاہر ہونا مشکل ہے اور اگر وہ حرف علت واؤ ہو یا یاء ہو تو اس کا ضمہ مستقل ہوگا اور اسی وجہ سے وہاں پر حرف علت کا سکون کی حالت میں باقی رہنا ضروری نہیں اور ضمہ اس پر تمام احوال میں مقدر ہوتا ہے۔

اُنْظُرْ اِلٰی هٰذِهِ الْاَفْعَالِ نَفْسِهَا مَرَّةً ثَانِيَةً فِي الْقِسْمِ الثَّانِيْ، تَجِدُهَا مُعْرَبَةً كَمَا كَانَتْ فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ وَلٰكِنَّهَا تَغَيَّرَتْ مِنَ الرَّفْعِ اِلَى النَّصَبِ لِدُخُوْلِ اَدَوَاتِ النَّصَبِ عَلَيْهَا۔ وَاِذَا بَحَثْنَا فِي اَوَاخِرِهَا لَمْ نَجِدْ لِلنَّصِبِ اَثَرًا ظَاهِرًا فِي الْاَفْعَالِ الَّتِي آخِرِ كُلٍّ مِّنْهَا اَلِفٌ، بِخِلَافِ الْاَفْعَالِ الَّتِي آخِرُهَا وَاوٌ اَوْيَاءٌ فَاِنَّ النَّصَبَ فِيْهَا ظَاهِرٌ۔ وَالسِّرُّ فِي هٰذَا الْاِخْتِلَافِ اَنَّ الْاَلِفَ يَتَعَذَّرُ تَحْرِيْكُهَا وَلِذٰلِكَ تَقَدَّرَ عَلَيْهَا الْفَتْحَةُ فِي حَالِ النَّصَبِ اَمَّا الْوَاوُ وَالْيَاءُ فَمِنَ السَّهْلِ النُّطْقِ بِهِمَا مَفْتُوْحَتَيْنِ، وَلِذٰلِكَ تَظْهَرُ عَلَيْهَا الْفَتْحَةُ عِنْدَ النَّصَبِ۔

آپ دوسری مرتبہ صرف ان افعال پر توجہ کریں جو دوسری قسم میں ہیں کہ آپ ان کو معرب پائیں گے جیسا کہ پہلے قسم میں تھے وہ رفع سے نصب کی طرف تبدیل ہوگئے حروف نصب کے داخل ہونے کی وجہ سے اور جب ان کے آخر کے متعلق گفتگو کرتے ہیں تو ہم ظاہری طور پر نصب کا کوئی اثر نہیں پاتے ان میں کہ جن کے آخر میں الف ہے بخلاف ان افعال کے جن کے آخر میں واؤ اور یاء ہے۔ پس بے شک ان میں نصب ظاہر ہے اور اس اختلاف میں راز کی

بات یہ ہے کہ الف متعذر ہے۔اس کو متحرک بنانے سے اسی وجہ سے اس پر نصب کی حالت میں فتحہ پڑھنا متعذر ہے بہرحال واؤ اور یاء ان دونوں کا نطق مفتوح ہونے کی حالت میں آسان ہے اس وجہ سے اس پر نصب کے وقت فتحہ ظاہر ہو جاتا ہے۔

اُنْظُرْ اِلٰى هٰذِهِ الْاَفْعَالِ مَرَّةً ثَالِثَةً فِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ تَجِدُهَا مُعْرَبَةً كَمَا كَانَتْ فِي الْقِسْمَيْنِ السَّابِقَيْنِ۔ وَلٰكِنَّهَا صَارَتْ هُنَا مُجْزُوْمَةً لِدَخُوْلِ عَوَامِلِ الْجَزْمِ عَلَيْهَا۔ فَمَا عَلَامَةُ الْجَزْمِ فِيْهَا؟ نَتَاَمَّلُ اَوَاخِرَ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ فَنَجِدُهَا مَحْذُوْفَةً وَقَدْ كَانَتْ ثَابِتَةً فِي الْقِسْمَيْنِ السَّابِقَيْنِ۔ وَاِذَا بَحَثْنَا عَنِ السَّبَبِ فِي ذٰلِكَ لَمْ نَجِدْ سَبَبًا سِوٰى دَخُوْلِ الْاَدْوَاتِ الْجَازِمَةِ عَلَيْهَا۔ فَهِيَ الَّتِيْ حُذِفَتْ هٰذِهِ الْاَوَاخِرُ، وَبِذٰلِكَ يَكُوْنُ هٰذَا الْحَذْفُ عَلَامَةَ الْجَزْمِ۔

آپ ان افعال کی تیسری قسم میں تیسری مرتبہ توجہ کریں تو آپ ان کو معرب پائیں گے جیسے کہ پہلی دو قسموں میں تھا۔لیکن یہاں پر وہ مجزوم ہو گئے عامل جازم کے داخل ہونے کی وجہ سے پس جزم کی علامت اس میں کیا ہے ہم ان افعال کے آخر میں غور کرتے ہیں تو ہم اس کو محذوف پاتے ہیں۔اور پہلی دو قسموں میں یہ ثابت تھا اور جب سب کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں تو ہم صرف اس پر عوامل جازمہ کے داخل ہونے کے علاوہ کوئی سبب نہیں پاتے۔ پس وہ اس کے آخر سے حذف کر دیا گیا ہے اور اسی وجہ سے یہ حذف جزم کی علامت ہوگا۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۳۸) اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ الْمُعْتَلُ الْآخِرِ يُرْفَعُ بِضَمَّةٍ مُقَدَّرَةٍ عَلَى الْاَلِفِ وَالْوَاوِ وَالْيَاءِ، وَيُنْصَبُ بِفَتْحَةٍ مُقَدَّرَةٍ عَلَى الْاَلِفِ، وَظَاهِرَةٍ عَلَى الْوَاوِ وَالْيَاءِ وَيُجْزَمُ بِحَذْفِ الْآخِرِ۔

وہ فعل مضارع جو کہ معتل الآخر ہو اس کو رفع دیا جائے گا ضمہ تقدیری کے ساتھ الف واؤ، اور یاء پر اور نصب فتحہ کے مقدرہ کے ساتھ الف پر اور ظاہر میں واؤ، یاء پر اور جزم دیا جائے گا آخر کے حذف ہونے کے ساتھ۔

تمرینات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر۱)

بَيِّنِ الْأَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمُعْتَلَّةَ الآخِرَ فِي الْعِبَارَاتِ الآتِيَةِ، وَعَيِّنْ عَلَامَةَ الْإِعْرَابِ فِي كُلِّ فِعْلٍ

آنے والی عبارات میں سے افعال مضارعہ معتل الآخر کی تعیین کریں اور ہر فعل کی اعرابی علامت بیان کریں۔

(۱) اَلْعَاقِلُ يَهْتَدِيْ بِنُصْحِ الْمُجَرِّبِيْنَ وَيَبْغِي رِضَاءَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ

(۲) يَهْوِى الشُّجَاعُ عَيَا دِيْنِ الْقِتَالِ وَلَا يَخْشٰى اَنْ يَلْقَى الْمَعَاطِبَ فِيْهَا۔

(۳) اِذَا لَمْ تَصْفُ خَلَائِقُ الْاِنْسَانِ فَلَنْ يَبْتَغِي صَدَاقَتَهُ اَحَدٌ۔

(۴) اِنْ تَدْعُ الطَّبِيْبَ فِي اللَّيْلِ اَوِالنَّهَارِيَاتِ اِلَيْكَ

حل افعال مضارعۃ معتل الآخر کی تعیین اور علامت اعراب:

يَهْتَدِى	مرفوع بالضمہ تقدیری	يبغي	مرفوع بضمہ تقدیری
يَهْوِىْ	مرفوع ضمہ تقدیری	يخشى	مرفوع بضمہ تقدیری
يلقى	منصوب فتحہ لفظی	يَبْتَغِي	منصوب بفتحہ لفظی
تصف	مجزوم بحذف الواوٗ	يات	مجزوم بحذف الياء
تدع	مجزوم بحذف الواوٗ		

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعْ كُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ الْآتِيَةِ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ مَرَّةً مَرْفُوْعًا وَمَرَّةً مَنْصُوْبًا وَمَرَّةً مَجْزُوْمًا وَاضْبِطْ آخِرَ كُلِّ فِعْلٍ ظَهَرَ

عَلَيْهِ الْحَرْكَةُ ۔

آنے والے افعال مضارعہ میں سے ہر فعل کو جملہ مفیدہ میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ایک مرتبہ مرفوع ہو دوسری مرتبہ منصوب ہو اور تیسری مرتبہ مجزوم ہو اور ہر فعل کے آخر پر حرکت کو ظاہر کریں۔

یحیا، یدنو، یهتدی، یعلو، یستوی، یخلو

حل دیئے گئے افعال مضارعہ کا جملہ مفیدہ میں استعمال:

حالت رفع	حالت نصب	حالت جزم
يَحْيَى الْمُومِنُ لِلْمُومِن	عَلَى الْاِنْسَانِ اَنْ يَحْيَى لِلْاِنْسَان	لَا تَحْيِى لِلْكَافِرِ
يَدْنُو الطَّالِبُ مِنْ جِدَارِ الْمَسْجِدِ	اَمَرَ الْحَاكِمُ اِلَى الْخَادِمِ اَنْ يَدْنِيَ الْمُجْرِمَ	لَاتَدْنُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اَلْمُسْلِمُ يَهْتَدِى كَلَامَ اللّٰهِ	هَلْ تَوَدُّ اَنْ تَهْتَدِىَ	لَاتَهْتَدِ اَقْوَالَ الْفَلَاسِفَةِ بَلْ اِهْتَدِ الْقُرآنَ
اَلْحِجَازُ يَعْلُوْ عَلَى بُقَاعِ الْاَرْضِ	لَنْ يَعْلُوْاَنْ لَمْ يَجْتَهِدُ خَالِدٌ	لَمْ يَعْلُ مَنْ لَمْ يَسْمَعِ النُّصْحَ

هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ

لَنْ يَسْتَوِىَ الْعَالِمُ وَالْجَاهِلُ

لَمْ يَسْتَوِ الْعَالِمُ وَالْجَاهِلُ

لَمْ يَسْتَوِ الْمُجَاهِدُ وَالْقَاعِدُ فِي الْبَيْتِ

اَلْمُنَافِقُ لَايَخْلُوْ عَنِ الْمُنْكَرِ

لَنْ يَخْلُوَ الْفَاسِقُ عَنْ اِرْتِكَابِ الذُّنُوْبِ

اَلْمَعْدَنُ لَمْ يَخْلُ عَنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

التمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

